عزیز طلباء وطالبات السلام علیکم:

یہ داخلہ فارم اگلے سمسٹر کے لئے ارسال کیا گیا ہے۔ آخر میں دیئے گئے شیڈول کے مطابق داخلہ فارم بمع فیس بینک میں جمع کروائیں ورنہ داخلہ نہ ہونے کی ذمہ داری آپ پر عائد ہوگی۔ صرف انہی کورسز کا اندراج کریں جن میں داخلہ لینا چاہتے ہیں کورسز کے نام اور کوڈز درست درج کریں۔ یاد رہے ایک سمسٹر میں دو مکمل کورسز یا دو نصف اور ایک مکمل یا چار نصف کورسز میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

یہ فارم صرف وہی طالب علم استعمال کرسکتا ہے جس کا نام فارم کے اوپر درج ہے۔ کوئی دوسرا طالب علم اس فارم کو استعمال کرنے کا مجاز نہیں۔ کورسوں اور فیس کی تفصیل درج کی گئی ہے۔

نوٹ:

1۔ ایک سمسٹر میں ایک پروگرام کے لئے ہی داخلہ فارم جمع کروائیں بصورت دیگر یونیورسٹی تمام داخلے منسوخ کرنے اور فیس ضبط کرنے کی مجاز ہے۔

2۔ نامکمل داخلہ فارم یا کم فیس جمع کرانے پر داخلہ نہیں ہوگا۔ لہٰذا داخلہ فارم پُر کرکے تمام کوائف کی اچھی طرح جانچ پڑتال کرنے کے بعد داخلہ فارم بینک میں جمع کروائیں۔

3۔ ہر طالب علم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ کے آغاز سے لے کر سرٹیفکیٹ/ڈگری کے اجراء تک کسی مرحلہ پر کسی بدعنوانی کے ارتکاب یا کسی شرط کے سہواً یا عمداً نظرانداز کردیئے یا ہوجانے پر متعلقہ طالب علم کا داخلہ منسوخ اور فیس ضبط ہوجائے گی اور کسی قسم کا سرٹیفکیٹ یا ڈگری جاری نہیں کی جائے گی۔

4۔ یاد رہے کہ دوران سمسٹر کورس یا پتہ کی تبدیلی ممکن نہیں لہٰذا فارم پُر کرتے وقت پوری سوچ بچار سے کورسز اور پتہ تحریر کریں۔ صرف مخصوص حالات کے پیش نظر کورس کی تبدیلی پہلی امتحانی مشق جمع کروانے کی آخری تاریخ سے پہلے فی کورس -/100 روپے جمع کروانے اور موصول شدہ کتب شعبہ ترسیل کو واپس کرنے کی صورت میں ممکن ہوگی۔

5۔ داخلہ ہوجانے کے بعد طالب علم کی درخواست پر نہ تو داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

6۔ داخلہ فارم پر پاس شدہ مضامین جن کا امتحان دیا ہے یا جو مضامین آپ پڑھ رہے ہیں کا اندراج نہ کریں۔

7- اپنے نام، ولدیت، پتہ یا دیگر کوائف میں غلطی کی درستگی کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے متعلقہ درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کریں اور ضروری کاغذات کے ہمراہ شعبہ داخلہ کو ارسال کریں۔

8- ایسے طلباء وطالبات جو سمسٹر خزاں 2008ء یا اس سے پہلے ایف اے پروگرام میں داخل ہوئے ہیں ان کے لیے کورس کوڈ 317 پاس کرنا لازمی ہے۔

9۔ ایک سمسٹر میں صرف ایک ٹیکنیکل کورس میں داخلہ ہوسکتا ہے ٹیکنیکل کورسز دو اکٹھے ایک سمسٹر میں داخلہ نہیں ہوگا۔

والسلام

ڈپٹی رجسٹرار (اکیڈمک)

فون: 051-9057403-9057432-9057438

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں فیس جمع کرانے کا طریقہ کار

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے تمام پروگراموں میں داخلہ لینے کے لئے فیس نیشنل بینک آف پاکستان، فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ، مسلم کمرشل بینک، بینک الفلاح لمیٹڈ اور الائیڈ بینک لمیٹڈ، کی تمام برانچوں میں جمع کرائی جاسکتی ہے۔ طالب علم داخلہ فارم اور چالان فارم مکمل کرکے بمع فیس ان بینک برانچوں میں جمع کرواکر اس کی وصولی کی رسید حاصل کرے گا۔ متعلقہ بینک داخلہ فارم بمع فیس بروقت اور باحفاظت یونیورسٹی تک پہنچانے کا ذمہ دار۔

داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 06 مارچ 2017ء ہے۔

آئی کام (کامرس گروپ)

دوسرا سمسٹر — فیس -/1150

کوڈ نمبر	ٹائٹل	میڈیم	کریڈٹ
311	کھاتہ نویسی ومحاسبی Accounting	اردو	مکمل
346	اصول تجارت	اردو	مکمل

تیسرا سمسٹر — فیس -/1590

کوڈ نمبر	ٹائٹل	میڈیم	کریڈٹ
394	شماریات (حصہ اول) Statistics-I	انگلش	نصف
322	دفتری دستور العمل	اردو	نصف
387	لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English - II	انگلش	نصف
364	اردو (حصہ دوم)	اردو	نصف

چوتھا سمسٹر — فیس -/1370

کوڈ نمبر	ٹائٹل	میڈیم	کریڈٹ
315	معاشیات	اردو	مکمل
347	بینکنگ	اردو	نصف
395	شماریات (حصہ دوم) Statistics - II	انگلش	نصف

سمسٹر خزاں 2015ء سے نئی سکیم آف سٹڈی کے تحت جنرل گروپ کے تمام آٹھ ذیلی گروپ ختم کردیئے گئے ہیں۔ لہٰذا طلباء وطالبات اپنی خواہش کے مطابق آٹھ ذیلی گروپ میں سے کسی بھی گروپ کے کورسز منتخب کرسکتے ہیں۔

ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (ایف اے)

دوسرا سمسٹر

364	اردو (حصہ دوم) **یا**	اردو	نصف
399	سندھی + آسان اردو (حصہ دوم) (صرف صوبہ سندھ کے طلباء وطالبات کے لئے)	سندھی	نصف
387	لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English -II	انگلش	نصف

کوئی ایک مکمل یا دو نصف کریڈٹ کورسز اختیاری مضامین سے بھی منتخب کریں۔

تیسرا سمسٹر

کوئی دو مکمل یا ایک مکمل اور دو نصف یا چار نصف کریڈٹ کورسز اختیاری مضامین سے منتخب کریں۔

چوتھا سمسٹر

کوئی دو مکمل یا ایک مکمل اور دو نصف یا چار نصف کریڈٹ کورسز اختیاری مضامین سے منتخب کریں۔

اختیاری مضامین

کوڈ نمبر	کورس ٹائٹل	میڈیم	کریڈٹ
301	دفتری اردو	اردو	نصف
303	اقبالیات	اردو	مکمل
305	دیہی ترقی	اردو	نصف
☆ 307	الیکٹریکل وائرنگ	اردو	نصف
308	جنرل سائنس	اردو	مکمل
309	عربی	عربی	مکمل
311	کھاتہ نویسی ومحاسبی	اردو	مکمل
312	علم التعلیم	اردو	مکمل
313	ڈیری فارمنگ	اردو	نصف
315	معاشیات	اردو	مکمل
321	تاریخ مسلمانان برصغیر	اردو	مکمل
322	دفتری دستور العمل	اردو	نصف
326	نفع بخش زرعی مہارتیں	اردو	نصف
327	فارم مشینری	اردو	نصف
328	تیل دار فصلوں کی کاشت	اردو	نصف
329	جدید زراعت	اردو	نصف
330	بچے کی نگہداشت ونشوونما	اردو	نصف
☆ 332	آٹو سروسنگ	اردو	نصف
342	باغبانی کے عملی طریقے	اردو	نصف
343	اسلامیات اختیاری	اردو	مکمل
☆ 344	بنیادی برقیات	اردو	نصف
345	گھریلو انتظام وآرائش	اردو	نصف
346	اصولِ تجارت	اردو	مکمل
347	بینکنگ	اردو	نصف
349	پودوں کی حفاظت	اردو	نصف
355	کنزیومر ٹیکسٹائل (پارچہ بافی)	اردو	نصف
356	غذا اور غذائیت	اردو	نصف
357	صحت اور غذائیت	اردو	نصف
358	ایپرل ڈیزائن	اردو	نصف
359	فہم ریاضی، شماریات اور کمپیوٹر	انگلش	نصف
☆ 360	Information Technology Application	اردو	نصف
361	فارسی	فارسی	مکمل
☆☆ 365	فیملی اور کمیونٹی کی صحت	اردو	نصف
☆☆ 366	صحت کے لئے عملی اقدامات	اردو	نصف
☆☆ 369	ہیلتھ ورکرز کے لئے ابلاغی مہارتیں	اردو	نصف
371	ویمن پولیسنگ	اردو	مکمل
372	جرمیات	اردو	مکمل
376	انسانی حقوق	اردو	مکمل
388	علم تعزیر	اردو	مکمل
389	قرآنِ حکیم (ترجمہ)	اردو	مکمل
394	Statistics - I	انگلش	نصف
395	Statistics - II	انگلش	نصف
☆☆ 1307	Mathematics - I	انگلش	نصف
☆☆ 1308	Mathematics - II	انگلش	نصف
☆☆ 1309	Mathematics - III	انگلش	نصف

☆☆ کورس کوڈ 1307، 1308 اور 1309 کی داخلہ فیس مبلغ 1090 روپے فی کورس کے حساب سے جمع کروانی ہوگی۔

☆☆ کورس کوڈ 365، 366، 369 لازمی عملی کام پر مشتمل ہیں اس لحاظ سے ان مضامین کی فیس 1090 روپے فی کورس ہے۔

☆ وہ طلبہ وطالبات جو آخری سمسٹر میں ہیں یا فیل شدہ انگریزی، اردو، لازمی، سندھی اور شماریات کورس کے دونوں پارٹ میں ایک ساتھ داخلہ لے سکتے ہیں۔

☆ کورس کوڈ 344، 307، 332، 360 کی فیس مبلغ -/730 روپے ہے۔

شرح فیس

فی مکمل کورس -/500 روپے — فی نصف کورس -/360 روپے

ٹیکنالوجی، کوریئر چارجیز فیس، کمپیوٹر انٹرفارم کی بالترتیب 100+35+15 = 150 روپے

(فیس مبلغ -/150 روپے ہر طالب علم کے لیے کورسز کی مجوزہ فیس کے ساتھ جمع کروانا لازمی ہے)۔

نوٹ: فیس بذریعہ بینک ڈرافٹ قابل قبول نہیں ہوگی۔

ضروری نوٹ

داخلہ اور کتب نہ ملنے کی صورت میں طلبہ اپنا فارم اور ادا شدہ رسید کی فوٹو کاپی کے ہمراہ 15-06-2017 تک شعبہ داخلہ سے رابطہ کرسکتے ہیں مقررہ تاریخ کے بعد رجوع کرنے پر یونیورسٹی جاری سمسٹر میں داخلہ دینے کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

نوٹ: وہ کورس دوبارہ نہ لکھیں جو پہلے آپ پاس کرچکے ہیں جن کا پیپر Re- appear ہے۔